دستخط نگران کار

Booklet Serial No.

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## ایم۔فل (مطالعات ترجمہ) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2016

MPhil (Translation Studies) Entrance Test - 2016

**Question paper cum Answer script** پرچہ سوالات مع جوابی بیاض

وقت : دو گھنٹے
نمبرات : 75

ہال ٹکٹ نمبر

OMR Serial No.

For Office Use

---

For Office Use


# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## ایم۔فل (مطالعات ترجمہ) انٹرنس ٹسٹ۔ 2016

MPhil (Translation Studies) Entrance Test - 2016

**Question paper cum Answer script** پرچہ سوالات مع جوابی بیاض


## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار صرف اپنا ہال ٹکٹ نمبر لکھے۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر اور اپنا نام نہ لکھیں، اگر امیدوار نے کسی اور صفحے پر اپنا ہال ٹکٹ نمبر یا نام لکھا ہو تو اس کا پرچہ جانچا نہیں جائے گا۔

2. **(12)** صفحات کا یہ کتابچہ پرچۂ سوالات اور جوابی بیاض پر مشتمل ہے۔ کوئی علاحدہ جوابی بیاض نہیں ہے۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔

3. یہ کتابچہ دو حصوں (حصہ اول اور حصہ دوم) پر مشتمل ہے۔ حصہ اول (Part A) میں جملہ 50 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A)(B)(C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرہ کو گہرا کیجیے۔

4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے نشان لگایا ہو اور OMR میں دائرہ کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

5. حصہ دوم (Part B) میں جملہ 8 سوالات دیے گئے ہیں۔ جن میں سے امیدوار کو پانچ (5) سوالات کے جوابات دینے ہوں گے۔ ان جوابات کے لیے خالی صفحات دیے گئے ہیں۔ ہر سوال کا جواب 20 سطر میں دیں۔

6. امتحان ہال سے روانگی سے قبل اس کتابچے کو OMR جوابی بیاض کے ساتھ متعلقہ نگران کار کے حوالے کردیجیے۔

## Part (A) حصّہ اول

**I.** حصہ اول میں جملہ 50 معروضی سوالات ہیں۔ ہرسوال کے نیچے چار متبادل جوابات ABCD دیے گئے ہیں۔آپ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ اور OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرہ کو گہرا کیجیے۔ **(50x1=50)**

1. تحقیق کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) عربی (B) فارسی (C) اُردو (D) ترکی

2. ترجمہ اور ترجمانی میں کیا فرق ہے؟

(A) رسم الخط کا (B) زبان و بیان کا (C) تحریر و تقریر کا (D) وقت اور زمانے کا

3. قرآن مجید کی معروف تفسیر ''ترجمان القران'' کے مفسر کا نام بتائیے؟

(A) مولانا محمودالحسن دیوبندی (B) اشرف علی تھانوی (C) مولانا ابوالکلام آزاد (D) مولانا شاہ ولی اللہ دہلوی

4. خدابخش لائبریری ہندوستان کے کس شہر میں واقع ہے؟

(A) پٹنہ (B) کلکتہ (C) رامپور (D) کان پور

5. ''سنٹرل انسٹی ٹیوٹ آف انڈین لینگویجز'' کہاں پر واقع ہے؟

(A) بھوپال (B) بنگلور (C) دہلی (D) میسور

6. ''دارالترجمہ عثمانیہ'' کا قیام کب عمل میں آیا؟

(A) 1917 (B) 1719 (C) 1947 (D) 1924

7. تصنیف و تالیف اور ترجمے سے متعلق ادارہ ''مقتدرہ قومی زبان'' کس شہر میں واقع ہے؟

(A) میسور (B) اسلام آباد (C) کراچی (D) دہلی

8. فورٹ ولیم کالج کہاں قائم کیا گیا تھا؟

(A) مدراس (B) ممبئی (C) دہلی (D) کلکتہ

9. ''قومی کونسل برائے فروغ اُردو زبان'' کا پہلا نام کیا تھا؟
(A) ترقی اُردو بورڈ (B) ترقی اُردو بیورو (C) دارالترجمہ (D) قومی اُردو کونسل

10. سرسید کی سائنٹفک سوسائٹی کا تعلق کس میدان سے تھا؟
(A) مختلف علوم کا ترجمہ (B) علم وادب کی ترویج واشاعت
(C) مسلمانوں کو تعلیم سے روشناس کرانا (D) اُردو زبان اور ادب کی ترقی

11. اُردو میں پہلی بار جامعاتی سطح پر کتابوں کے ترجمے کا کام کس یونیورسٹی میں انجام دیا گیا؟
(A) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی (B) جامعہ ملیہ اسلامیہ
(C) جامعہ عثمانیہ (D) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

12. ''نوراللغات'' کے مولف کا نام کیا تھا؟
(A) شان الحق حقی (B) مولوی فیروزالدین (C) مولوی عبدالحق (D) مولوی نورالحسن نیر

13. جامع انگلش اُردو ڈکشنری کے مولف کا نام بتائیں۔
(A) کلیم الدین احمد (B) شان الحق حقی (C) بشیر احمد قریشی (D) ان میں سے کوئی نہیں

14. مہاراجہ رنبیر سنگھ کا دارالترجمہ کس ریاست میں واقع تھا؟
(A) پنجاب (B) کشمیر (C) ہریانہ (D) اتر پردیش

15. ڈاکٹر جان گلکرسٹ کا تعلق کس ادارے سے تھا؟
(A) دارالترجمہ عثمانیہ (B) فورٹ ولیم کالج (C) سائنٹفک سوسائٹی (D) ورنا کلر سوسائٹی

16. درج ذیل میں سے کون ''قومی کونسل برائے فروغ اُردو زبان'' کے ڈائرکٹر نہیں رہے ہیں؟
(A) ڈاکٹر حمیداللہ بھٹ (B) ڈاکٹر خواجہ محمد اکرام (C) ڈاکٹر قمر رئیس (D) ڈاکٹر علی جاوید

17. ارسطو کی Poetics کا ترجمہ ''شعریات'' کے عنوان سے کس ادیب نے کیا ہے؟
(A) سید ہاشمی فرید آبادی (B) مولانا ظفر علی خاں (C) ڈپٹی نذیر احمد (D) شمس الرحمٰن فاروقی

18. آکسفرڈ انگلش اُردو ڈکشنری کس نے مرتب کی؟
(A) شان الحق حقی (B) پروفیسر کلیم الدین احمد (C) ڈاکٹر عبدالحق (D) جمیل جالبی

19. انگریزی حروف تہجی میں عموماً کتنے vowels تسلیم کیے جاتے ہیں؟
(A) 24 (B) 05 (C) 08 (D) 03

20. Vowel کو اُردو میں کیا کہتے ہیں؟
(A) حرف جار (B) حرف ندا (C) حرف فجائیہ (D) حرف علت

21. ''وضع اصطلاحات'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟
(A) مولوی عبدالحق (B) عنایت اللہ (C) وحیدالدین سلیم (D) چودھری برکت علی

سوال نمبر 22 تا 35 میں دیے گئے انگریزی الفاظ کے درست اُردو مفہوم کی نشاندہی کیجئے۔

22. Constitution

(A) آئین (B) بجٹ (C) حسابات (D) احکام

23. Advisor

(A) سکریٹری (B) نگراں (C) معاون (D) مشیر

24. Jurisdiction

(A) قانون (B) اصول وضوابط (C) دائرہ اختیار (D) عدالتی فیصلہ

25. Stability

(A) رشتہ (B) پائیداری (C) دوستی (D) لگاؤ

26. Election

(A) انتخاب (B) نامزدگی (C) تقرری (D) بحالی

27. Chief Minister

(A) چیف وزیر (B) وزیراعلیٰ (C) وزیرخاص (D) وزیراعظم

28. Investigation

(A) علاج (B) انجکشن دینا (C) جستجو (D) تفتیش

29. Bay of Bengal

(A) بنگال کی ہوا (B) بنگال کا کنارہ (C) خلیج بنگال (D) صحرائے بنگال

30. Condemn

(A) مذمت کرنا (B) پھینک دینا (C) کچڑے میں ڈالنا (D) احتجاج کرنا

31. Services

(A) عہدہ (B) رتبہ (C) کارنامے (D) خدمات

32. Paradise

(A) ڈھابہ (B) ہوٹل (C) جنت (D) محل

33. Volume

(A) صفحات (B) آواز (C) ہنگامہ (D) شور

34. Energy

(A) توانائی (B) آگ (C) رقیق (D) گیس

35. Botanical

(A) نباتیاتی (B) جوڑوں سے متعلق (C) جڑوں سے متعلق (D) حیاتیاتی

سوال نمبر 36 تا 41 میں دیے گئے اُردو الفاظ کے لیے انگریزی متبادل کی نشاندہی کیجیے۔

36. حکم
(A) Judgment (B) Order (C) Advice (D) Decision

37. علم کیمیا
(A) Chemistrilogy (B) Physics (C) Chemistry (D) Psychology

38. شخصیت
(A) Humanity (B) Individual (C) Personalization (D) Personality

39. وزارت
(A) Legislature (B) Mainstream (C) Ministerial (D) Ministry

40. اخراجیت
(A) Exclusive (B) Exclusion (C) Inclusive (D) Existence

41. وسائل
(A) Resources (B) Resource (C) Reason (D) Through

42. تحقیق سے مراد
(A) بار بار تلاش کرنا (B) کسی مسئلہ کا حل دریافت کرنا
(C) حق کی تلاش (D) ان میں سے کوئی نہیں

43. ''ترجمہ کا فن اور روایت'' کس کی کتاب ہے؟
(A) ڈاکٹر جمیل جالبی (B) ڈاکٹر قمر رئیس (C) ڈاکٹر انور سدید (D) ڈاکٹر مرزا حامد بیگ

44. اخبارات کے لیے ترجمہ کرتے وقت عموماً ترجمے کی کس قسم کو اختیار کیا جاتا ہے؟
(A) لفظی ترجمہ (B) با محاورہ ترجمہ (C) آزاد ترجمہ (D) درج بالا میں سے کوئی نہیں

45. ادبی ترجمے کے لیے ترجمے کی کس قسم کو اختیار کیا جاتا ہے؟
(A) لفظی ترجمہ (B) با محاورہ ترجمہ (C) آزاد ترجمہ (D) درج بالا میں سے کوئی نہیں

46. قانونی دستاویزات کے ترجمے کے لیے کون سا طریقہ اختیار کیا جاتا ہے؟
(A) لفظی ترجمہ (B) با محاورہ ترجمہ (C) آزاد ترجمہ (D) درج بالا میں سے کوئی نہیں

47. جملے میں اسم کی بجائے جو کلمہ استعمال کیا جاتا ہے اسے کیا کہتے ہیں۔
(A) حرف جار (B) ضمیر (C) اسم خاص (D) ان میں سے کوئی نہیں

48. پاکستان میں اُردو کے فروغ کے لیے کام کرنے والے سرکاری ادارے کا نام ہے:

(A) انجمن فروغ اُردو (B) قومی کونسل برائے فروغ اُردو زبان

(C) مقتدرہ (D) پاکستان اُردو اکیڈمی

49. ذیل میں سے کون ادارہ ترجمے کے میدان میں بھی کام کرتا ہے؟

(A) ساہتیہ اکیڈمی (B) نیشنل بک ٹرسٹ

(C) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی (D) درج بالا سبھی

50. 'دورِ زماں' میں جو زیر استعمال ہوا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) اضافت (B) جمع (C) ضد (D) ان میں سے کوئی نہیں

## PART - B حصہ (ب)

**درج ذیل میں سے 5 سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے پانچ نمبرات ہیں۔ آخری دو سوالات لازمی ہیں:** **5 x 5 = 25**

1. تحقیق کسے کہتے ہیں؟ تعریف و توضیح کے ساتھ اس کے طریقہ کار پر روشنی ڈالیے۔
2. ترجمے کی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالیے۔
3. مذہبی اور عدالتی تراجم میں کیا کیا مماثلتیں پائی جاتی ہیں؟
4. مشینی ترجمہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔
5. آپ جس موضوع پر تحقیق کرنا چاہتے ہیں اُس کا تعارفی خاکہ پیش کیجیے۔
6. درج ذیل انگریزی اقتباس کا اُردو ترجمہ کیجیے:

The patients approaching Nizam’s Institute of Medical Sciences are being returned without treatment saying that the hospital lacks beds. Patients have to wait for hours due to non availability of doctors. In most cases the medical equipment are not working properly which results in chaos in the hospital.

A woman patient complained that patients are getting disappointed as they are asked to return after arriving. NIMS is one of the prominent hospitals of Telangana’s capital but sadly it lacks proper facilities and the treatment is also not satisfactory. Due to staff crunch in casualty department patients have to wait for resident doctors. Casualties are not immediately dealt with.

7. درج ذیل اُردو اقتباس کا انگریزی ترجمہ کیجیے:

دہلی ہندوستان کا دل ہے۔ اس شہر میں مغلیہ عہد اور برطانی دور کی بے شمار عمارتیں واقع ہیں۔ کشادہ سڑکیں، صاف ستھرا ماحول اور سرسبز وشاداب باغات اس شہر کی خصوصیات ہیں۔ یہاں سے قریب ہی ریاست اتر پردیش میں شہر آگرہ ہے جہاں شاہ جہاں کا بنوایا ہوا تاج محل موجود ہے۔ شاہ جہاں نے لال قلعہ اور دلی کی جامع مسجد بھی تعمیر کروائی تھی لیکن ان میں سب سے زیادہ مقبولیت تاج محل کو حاصل ہوئی۔ یہ دُنیا کے سات عجائبات میں سے ایک ہے۔ اس کی خوبصورتی سیاحوں کو حیران کر دیتی ہے۔ سفید پتھر سے بنی ہوئی یہ عمارت شاہ جہاں نے اپنی بیگم ممتاز محل کی یاد میں بنوائی تھی۔ اسے محبت کی علامت بھی کہا جاتا ہے۔ میں عالمی سطح پر مقبول اس محل کو دیکھنا چاہتا ہوں۔ اس کے لیے مجھے دہلی تک ہوائی جہاز کا سفر کرنا پڑے گا۔ دہلی سے آگرہ ریل سے جاؤں گا۔ مقامی جگہوں کی سیاحت ٹیکسی اور رکشہ کے ذریعے کروں گا۔ خدا سے دعا ہے کہ تاج محل دیکھنے کا میرا خواب جلد پورا ہو جائے۔